تنهائي ميں كيسے اٹھے گا اكبر كا جنازه رهنے دو

تنهائي ميں كيسے اٹھے گا اكبر كا جنازه رهنے دو
صابر هو مگر پهر باپ هو تم اے سيد والا رهنے دو

آهسته لٹادو ريتي پر تكليف نہ پهنچے اكبر كو
بيٹهي هے بہت گهري برچهي زخمي هے كليجہ رهنے دو

هر جنبش ميں دل هلتا هے برچهي كو نہ كهينچو سينے سے
روتے هے محمد رهنے دو بے چين هے زهرا رهنے دو

خيمے ميں نہ لے جاؤ انكو ماں زخم نہ ديكهے سينے كا
ايسا نہ هو غم كي شدة سے پهٹ جائے كليجہ رهنے دو

باهر نہ نكل آئے زينب سمجهاؤ تو ير كيا كرتي هے
شبير اٹهو خيمے ميں چلو اكبر كو تڑپتا رهنے دو

مخلوق خدا ميں هل چل هے لله سنبهالو عالم كو
آنكهو سے ذرا آنسو پونچهو آقا ميرے مولى رهنے دو

اكبر نهيں زنده هونے كے شہ دل كو سنبهالو صبر كرو
اكبر كے سرهانے سے اٹهو فطرت كا تقاضا رهنے دو